## سوال

مہر فاطمہ

## جواب

سیدہ فاطمہ کے حق مہر کی مقدار السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سیدہ فاطمہ کا حق مہر کتنا تھا، اور آج کے حساب سے کتنا بنتا ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! سیدہ فاطمہ کا حق مہر ایک زرہ تھی، جو سیدنا علی نے ان کو دی تھی۔ عن ابن عباس رضی اللہ عنہما، قال : لما تزوّجَ عليٌّ فاطمۃ قال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم : "أعطها شيئًا"، قال : ما عندي، قال : «أين درعک الحُطَمية؟». أخرجہ أبو داود (رقم 2118) سیدنا عبد اللہ بن عباس سے مروی ہے کہ جب سیدنا علی نے سیدہ فاطمہ سے شادی کی تو ان کو نبی کریم نے کہا : اسے کچھ دیجئے! سیدنا علی نے کہا : میرے پاس کچھ نہیں ہے، نبی کریم نے فرمایا : وہ تیری حطمی زرہ کہاں ہے۔ (یعنی وہ دے دو) اور طبرانی میں منقول ہے کہ اس زرہ کی قیمت چار سو اسی (480) درہم تھی : أن درع علی رضی اللہ عنہ قُوِّمت بأربعمائۃ وثمانين درهما (المعجم الأوسط للطبرانی : رقم 2870). اور ایک درہم (2.975) گرام کا ہوتا ہے لہذا 480 درہم 2.975x4801262.5= کے ہوگئے۔ اب آپ بازار سے چاندی کی قیمت پوچھ لیں تو اس کی صحیح مقدار کا اندازہ ہو جائے گا۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث